برجوں اور علم الاعداد کی روشنی میں

7777

ناموں کا خزانہ

مرتبہ

سید ارتضیٰ علی کرمانی

برجوں اور علم الاعداد کی روشنی میں

7777

ناموں کا خزانہ

مرتبہ

سید ارتضیٰ علی کرمانی

پبلشرز

فرید بُک ڈپو (پرائیویٹ) لمیٹڈ
۴۲۲ مٹیا محل اردو مارکیٹ جامع مسجد دھلی ۱۱۰۰۰۶
فون آفس، ۳۲۷۹۹۹۸، ۲۲۶۵۳۰۶ رھائش : ۳۲۶۲۳۸۶

خوبصورت اور معیاری
کتابیں آپ سب کے لیے

فہرست

عرض حال

اللہ کریم غفور الرحیم کلام اللہ شریف میں فرماتے ہیں کہ "کہہ دو کہ تم (اللہ کو) اللہ (کے نام سے) پکارو یا رحمان (کے نام سے) پکارو' اس کے سب نام اچھے ہیں۔ 115:17 ناموں کو تاریخ اقوام میں شروع ہی سے کلیدی درجہ حاصل رہا ہے۔ اور اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ نام ہی شناخت کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ ہر قوم و مذہب میں ناموں سے ہی الگ پہچان ممکن ہوتی ہے۔ کلام اللہ شریف میں ایک اور جگہ وارد ہوا ہے کہ "وہ معبود (برحق ہے) اس کے سوا کوئی معبود نہیں' اس کے (سب) نام اچھے ہیں۔ 7-20۔ یوں خیال فرمایئے کہ اللہ کریم آپ کو اور ہمیں تلقین فرماتے ہیں کہ اپنے ناموں کو مت بگاڑو بلکہ اچھے نام اختیار کرو۔

اس کی یعنی ناموں کو بگاڑنے کی ممانعت کرنے کی وضاحت اس حدیث قدسی سے بھی ہوتی ہے۔ اللہ کریم کا ارشاد پاک ہے کہ "اور اللہ کے سب نام ہی اچھے ہیں۔ تو اس کو اس کے ناموں سے پکارا کرو اور جو لوگ اس کے ناموں میں کجی (اختیار) کرتے ہیں تو ان کو چھوڑ دو' وہ جو کچھ کر رہے ہیں' عنقریب اس کی سزا پائیں گے۔ 185:7

اللہ کریم فرماتے ہیں کہ ناموں کو بگاڑنے سے تمہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ اس لیے اپنے بچوں کے ناموں کو مت بگاڑو بلکہ اچھے اچھے ناموں سے منسوب کرو۔ ناموں کو بگاڑنے کا عمل ہمیں بھارت کے چند صوبوں میں بکثرت نظر آتا ہے اور ہمارے ہاں بھی کمی نہیں ہے۔ بھارت کے ایک علاقہ مالابار میں دستگیر کو دستو۔ مصطفیٰ کو مصو۔ جعفر کو جعفو' قادر کو قادو۔ محی الدین مہودو۔ احمد کو آمو۔ ابوبکر کو آوکر وغیرہ۔ یہ طریقہ کچھ ٹھیک نہیں اس سے کسی بھی قسم کی اپنائیت کا اظہار نہیں ہو پاتا ہے بلکہ ایک طرح کی تضحیک کا پہلو نکلتا ہے۔ سب لوگوں کو چاہئے کہ ناموں کے انتخاب میں بڑی احتیاط سے کام لیں اور ایسے ناموں کو اختیار کریں جس میں ان کے مذہب سے پیار کا پتہ ملتا ہو۔ اور اپنے

بزرگوں سے بھی اظہار عقیدت ہوتا ہو۔

مگر ہمارے ہاں اس کے برعکس ہو رہا ہے۔ حمید کو ہم لوگ بگاڑ کر حمیدہ۔ رشید کو شیدا۔ رزاق کو جھاکا اور جھاکی۔ فیاض کو پھاجو اور پھجو۔ عمران کو مانی۔ اقبال کو بالا۔ ادریس کو دیسہ۔ رمضان کو جھانا۔ یعقوب کو کوبی۔ مقصود کو سودی۔ منیر کو منیرا۔ غلام محمد کو گاما۔ اظہار الحق کو جھارا۔ معراج محمد کو ماجھا۔ سراج کو ساجھا۔ شریف کو شیفا۔ حفیظ کو فیجا۔ اور نذیر کو نجا جیسے ناموں سے بگاڑنے کی رسم عام ہو چکی ہے۔ یہ مقدس نام ہیں۔ ہم لوگوں کو چاہئے کہ ان کی توقیر کریں۔ تاکہ اللہ تبارک تعالیٰ کی رحمتوں سے فیض یاب ہو سکیں۔

اسی طرح ہمارے ہاں خواتین کے بھی الٹ پلٹ ناموں کا رواج چل پڑا ہے۔ جیسا کہ رضیہ کو بگاڑ کر رجو۔ نسیم کو چھیماں۔ شاہدہ کو شادو۔ پروین کو پینو۔ عابدہ کو آبو۔ رابعہ کو رابی۔ زبیدہ کو بیدی۔ بیگم بی بی کو بیگاں۔ تاج بی بی کو تاجاں۔ زینب کو زیبی۔ ساجدہ کو ساجی۔ عنایت بی بی کو نیتاں کہنے کا رواج ہو چلا ہے۔ اگر آپ ٹھنڈے دل سے غور فرمائیں تو آپ یقینی طور پر اتفاق فرمائیں گے کہ نو عمری میں تو یہ سب کچھ اچھا لگتا ہے مگر سن بلوغت کو پہنچ کر یہ بگاڑا ہوا نام کبھی اچھا نہیں لگتا اور پھر یہ مرحلہ شادی بیاہ کے بعد اور بھی برا لگنے لگتا ہے۔ مگر ہم تو یہ دیکھتے ہیں کہ جن لوگوں کا نام بگڑ جاتا ہے۔ مرتے دم تک یہی برقرار بھی رہتا ہے۔

عرفیت کو برا نام نہیں بنانا چاہئے۔ اچھی عرفیت بھی ہو سکتی ہے جیسا کہ ایک بڑے مشہور صحابی ہیں ابو ہریرہ ؓ۔ ان کا اصلی نام تک لوگ بھول چکے ہیں۔ اس نام سے تو لوگوں کی عقیدت پنہاں ہے کیونکہ یہ نام سرکار دو عالم ؐ نے عطا فرمایا تھا۔ جبکہ ایک اور نام بھی تاریخ کا حصہ ہے جو ہے ابو جہل کا۔ ابو جہل بھی عرفیت ہے۔ حالانکہ اس کا اصل نام عمر بن ہشام تھا مگر ابو جہل سے پکارا اور لکھا گیا۔ اس نام میں لوگوں کی عقیدت نہیں بلکہ نفرت نظر آتی ہے۔ اس لئے انتہائی مناسب ہے کہ پیار کے اظہار کے لئے بھی ہمیں بچوں کے نام نہیں بگاڑنے چاہئیں۔

جبکہ دیکھا یہ گیا ہے کہ بعض مسلمانوں کے نام ایسے ہیں کہ تمیز کرنا مشکل ہو جاتا ہے

کہ اس نام کا حامل مسلمان ہے یا غیر مسلم۔ ہمارے ہاں تو عیسائیوں اور مسلمانوں کے ناموں میں بھی چند نام بالکل مشترک ہو چکے ہیں۔ جیسے آج کل وسیم طاہر وغیرہ قسم کے نام عیسائی بھی رکھ لیتے ہیں۔ ہونا تو یہ چاہئے کہ مسلمانوں کو اپنے بچوں کے لئے عین اسلامی نام منتخب کرنا چاہئیں جس سے پتہ چلے کہ یہ بچہ مسلمان ہے۔ اس کے لئے ہمارے پاس اصحابہ کبار اور اولیائے کرام کے اسمائے گرامی کے علاوہ اللہ پاک کے اور رسول کریمؐ کے نام بھی موجود ہیں۔

☆ صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ آنخضرتؐ کا ارشاد پاک ہے کہ اللہ کریم کے نزدیک پسندیدہ ترین نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہے۔

☆ سنن ابوداؤد میں ابووہبؓ فرماتے ہیں کہ رسول کریمؐ نے فرمایا کہ اے مسلمانو! جہاں تک ممکن ہو اپنے بچوں کے نام انبیاء کرام کے ناموں پر رکھا کرو۔ اور اللہ کریم کے نزدیک بہترین نام عبداللہ، عبدالرحمٰن ہیں اور مزید فرمایا کہ بہترین نام تو حارث اور ہمام بھی ہیں جبکہ "حرب" "مرہ" جیسے برے نام بھی ہیں۔

☆ ترمذی میں حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول کریمؐ نے فرمایا کہ کسی بھی شخص کو ملک الملوک نام اختیار نہیں کرنا چاہئے کیونکہ سوائے اللہ پاک کے کوئی بھی بادشاہوں کا بادشاہ نہیں کہلا سکتا۔

☆ ابوداؤد میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول پاکؐ نے فرمایا کہ پیدائش کے ساتویں روز بچے کا نام تجویز کرو اور اس کے سر کے بال بھی منڈواؤ اور عقیقہ بھی کر دو۔

☆ صحیح بخاری میں ابوموسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں کہ میری بیوی کے لڑکا پیدا ہوا تو میں اسے لے کر خدمت نبویؐ میں حاضر ہوا۔ آپ نے اس کا نام ابراہیم رکھا اور کھجور چبا کر لعاب مبارک اس کے منہ میں ڈالا اور بچہ کے لئے دعا خیر فرمائی۔ یہ میرا پہلا بچہ تھا۔

☆ ترمذی میں سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آنحضورؐ ناپسندیدہ ناموں کو اچھے ناموں سے تبدیل فرمادیا کرتے تھے۔

☆ صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ سیدہ زینب کا نام "برہ" تھا یعنی نیکی اور بھلائی۔ لوگوں کے اعتراض پر سید دو عالمؐ نے ان کا نام تبدیل فرما کر زینب رکھ دیا۔

☆ مسلم میں حضرت عبد اللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ حضرت جویریہؓ کا نام ابتداء میں "برہ" تھا۔ یعنی بھلائی اور نیکی۔ آپ نے ان کا نام تبدیل کر کے "جویریہ" رکھ دیا۔

☆ سنن ابوداؤد میں حضرت بشیر بن میمون فرماتے ہیں کہ ایک شخص کا نام احرم تھا یعنی کاٹنے والا اور کترنے والا۔ آپ نے اس کا نام دریافت فرمایا تو فرمایا کہ نہیں تمہارا نام تو "ضراع" ہونا چاہئے۔ یعنی کھیتی کرنے والا۔

☆ موطا امام مالک میں حضرت یحییٰ بن سعیدؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ آنحضرتؐ نے ایک اونٹنی کو کھڑا کر کے فرمایا کہ اس کا دودھ کون دوھے گا۔ یہ سن کر ایک شخص اٹھ کھڑا ہوا۔ آپؐ نے اس کا نام دریافت فرمایا اس نے اپنا نام "مرہ" بتایا جس کا مطلب ہے کڑوا۔ آنحضرتؐ نے اس کو بیٹھنے کو کہا۔ پھر آپ نے فرمایا کہ کون ہے جو اس اونٹنی کا دودھ دوہے گا۔ اب دوسرا شخص کھڑا ہو۔ اس کا نام بھی دریافت کیا اس نے بتایا کہ میرا نام "صرب" یعنی جنگ ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بیٹھ جانے کو کہا۔ اب ایک مرتبہ پھر سرکار دو عالمؐ نے پوچھا کہ کون اس اونٹنی کا دودھ دوہے گا۔ ایک شخص کھڑا ہوا۔ اس کا نام دریافت کیا گیا تو اس نے بتایا کہ اس کا نام یعیش یعنی عیش کی زندگی گزارنے والا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ علیہ وسلم یہ سن کر خوش ہوئے اس کے حق میں دعائے خیر فرمائی اور اس کو دودھ دوھنے کا حکم بھی فرمایا۔

☆ سنن ابوداؤد میں ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے اپنی کنیت ابو عیسیٰ رکھ لی۔ جب اس کا علم سیدنا فاروق اعظمؓ کو ہوا تو آپ نے اپنے بیٹے کو پیٹا اور سخت سست کہہ کر کنیت ختم کروا دی۔ انہی دنوں ایک مشہور صحابی حضرت مغیرہ بن شعبہؓ نے بھی اپنی کنیت ابو عیسیٰ رکھ لی تھی۔ ایک مرتبہ حضرت عمر فاروقؓ نے

حضرت مغیرہؓ کو دیکھ کر فرمایا اے مغیرہ کیا یہ مناسب ہے کہ تم اپنی کنیت عبداللہ رکھ لو۔ یہ سن کر حضرت مغیرہ نے فرمایا کہ درحقیقت یہ کنیت مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی دی تھی۔ یہ سن کر سیدنا فاروق اعظمؓ نے فرمایا کہ بے شک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اگلی پچھلی خطائیں معاف کر دی گئی ہیں۔ مگر ہم تو آپؐ کے بعد بھی اپنے دوسرے بھائیوں کی طرح ہیں۔ کیا معلوم ہو کہ ہمارے ان طور طریقوں کا اثر آنے والی نسلوں پر کیا پڑے گا؟ مطلب یہ ہے کہ زمانہ بگڑتا جارہا ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ اس مشتبہ نام کی وجہ سے لوگ یہ نہ سمجھنے لگیں کہ حضرت عیسیٰ کے بھی کوئی باپ تھے۔ حضرت عمرؓ کی اس عالمانہ بات کا اثر حضرت مغیرہؓ پر بھی فوری ہوا اور انہوں نے اپنی کنیت ابو عیسیٰ کی جگہ ابو عبداللہ اختیار کرلی۔

از

سید ارتضیٰ علی کرمانی

بچے کی پیدائش کے فوری بعد اسلامی اقدار

اللہ کریم غفور الرحیم کی بے پناہ نوازشات میں سے اولاد کی نعمت کا کوئی بھی نعم البدل اس کائنات میں نہیں ہے۔ اللہ پاک کلام اللہ شریف میں فرماتے ہیں کہ ہم جسے چاہیں بیٹے دیں اور جسے چاہیں بیٹیاں دیں اور جسے چاہیں کچھ بھی نہ دیں۔ اولاد کی کمی کو کسی بھی چیز سے پورا نہیں کیا جاسکتا۔ اس کا درد تو وہی لوگ محسوس کرسکتے ہیں جو اس نعمت باری تعالیٰ سے محروم ہیں۔ دعا کیجئے کہ اللہ کریم رؤف و رحیم ان پر بھی رحمتیں فرمائیں۔ بچے ہماری زندگی کے شگفتہ پھول اور ہماری امیدوں کا محور ہوتے ہیں مگر دیکھا یہ گیا ہے کہ بیٹے کی پیدائش پر تو بے حد خوشیاں منائی جاتی ہیں۔ جبکہ بیٹی کی پیدائش ماں کے لئے ایک طعنہ بن جاتی ہے۔ انہی حالات کی وجہ سے بعض اوقات گھر بھی اجڑ جاتے ہیں۔ ایسے بالکل نہیں کرنا چاہئے کیونکہ بطور مسلمان ہم سب کا یہی عقیدہ ہے۔ سبھی امور اللہ کریم کے قبضہ قدرت میں ہیں۔

احادیث مبارکہ میں بڑی وضاحت سے وارد ہوا ہے کہ اچھی طرح بیٹیوں کی پرورش کرکے شادی کرنے والے والدین پر جنت واجب ہو جاتی ہے۔ اسی لئے بیٹیوں کی پیدائش پر غم و غصے کا اظہار محض جاہلیت ہی کہی جاسکتی ہے۔ جب بچہ پیدا ہو تو اس کو پاک صاف کرکے اس کے کانوں میں سب سے پہلے اذان کی آواز پہنچانے کا حکم ہے۔ اس کا طریقہ کچھ یوں ہے کہ دائیں کان میں اذان پڑھی جائے اور بائیں کان میں تکبیر یعنی اقامت اس فرض کے بعد صدقِ دل سے دعا کریں کہ

"اے اللہ پاک میں اس کے اور اس کی اولاد کے لئے شیطان

مردود سے آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں۔"

ایک مرتبہ قل شریف پڑھ کر دین پر ثابت قدم رہنے کی دعا کریں اور جو بھی دعائیں آپ کو یاد ہوں اس نومولود کے لئے پڑھیں۔ اللہ پاک دعاؤں سے بہت خوش ہوتے ہیں۔

دعاؤں کے بارے میں بہت سی احادیث موجود ہیں۔ زندگی کی پریشانیوں میں اولاد کے لئے والدین کی دعاؤں کا بڑا عمل دخل ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد عالی شان ہے کہ اولاد کے معاملہ میں والدین کی دعاؤں کو اللہ کریم کی بارگاہ میں پذیرائی بخشی جاتی ہے۔ چنانچہ ارشاد نبوی ؐ ہے کہ اولاد کو سخت غصے میں بھی بددعا نہ دی جائے۔

اللہ کریم سے جو چیز والدین بہتر مانگ سکتے ہیں یا دعا کر سکتے ہیں وہ ہے ان کے لئے ہدایت تقویٰ اور نماز کا عادی ہونا۔ آپ کو یقینی طور پر علم ہو گا کہ محض والدین ہی بچوں کے لئے دعائیں مانگتے سبھی مسلمان بھی اپنے والدین کے لئے ہر نماز میں دعا مانگتے ہیں کہ۔

> "اے میرے رب، مجھے نماز قائم کرنے والا بنا۔ اور میری اولاد کو بھی، اے میرے رب ہماری دعائیں قبول فرما۔ اے میرے رب میری مغفرت فرما اور میرے والدین کی بھی اور جملہ مومنین کی بھی، روز جزا کے دن۔ (سورۃ ابراہیم:40)

اللہ کریم غفور الرحیم سے دعاؤں میں اپنے اور اپنے بچوں کے لئے نیکی اور بھلائی ہی مانگنی چاہئے تاکہ اللہ پاک خوش ہو کر رحمت فرمائیں۔

گھٹی

یہ وہ چیز ہے جو کہ بعد از اذان بچہ کی منہ میں ڈالی جاتی ہے۔ متعدد احادیث میں آیا ہے کہ نبی کریم ؐ نومولود بچہ کو اپنے دہن مبارک میں کھجور چبا کر بچہ کے منہ میں ڈالتے تھے۔ کس قدر خوش قسمت بچے ہوں گے۔ آج کل ہمارے ہاں نومولود بچہ کو شہد چٹوایا جاتا ہے۔ اس سے بچہ کی آنتوں اور معدہ کی صفائی ستھرائی بھی ہو جاتی ہے۔

بچہ کی پہلی غذا

بچہ اس دنیا میں آنے کے بعد لازمی طور پر اپنی خوراک چاہتا ہے اور اللہ کریم نے

ایسا انتظام کر رکھا ہے کہ بچے کی پیدائش کے فوری بعد ہی ماں کی چھاتیاں دودھ سے بھر جاتی ہیں۔ یہی وہ طاقت اور ٹانک ہے جو بچے کو بڑھاپے تک سنبھالے رکھتا ہے۔ کلام اللہ شریف میں حکم ہوا ہے کہ "اور مائیں اپنے بچوں کو دو سال تک دودھ پلائیں" اسی بارے میں مزید حکم یہ بھی ہے کہ اگر اللہ نہ کرے میاں بیوی میں علیحدگی کی نوبت آن پہنچے تو جب تک بچہ ماں کا دودھ پیتا رہے اس وقت تک تمام اخراجات شوہر برداشت کرے گا۔ بچہ کو ہمیشہ پاک صاف ہوکر اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دودھ پلانا چاہئے۔ اور خود کو ویڈیو وغیرہ میں نہیں بلکہ یادالٰہی میں مشغول رکھنا چاہئے تاکہ بچہ مسلمان بنے۔ اسلام میں اس بات کا بھی حکم ہے کہ اگر ماں اپنا دودھ نہ پلانا چاہے تو اخراجات برداشت کر کے کسی آیا کا بندوبست بھی کیا جاسکتا ہے۔

عقیقہ

اللہ کریم کے محبوب پاک سرکار دو عالمؐ کا ارشاد پاک ہے کہ "بلا کو کوئی چیز نہیں ٹال سکتی مگر صدقہ اور عقیقہ صدقہ ہی ہے"۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے کہ بچے کی پیدائش کے ساتویں روز بچہ کے سر کے بال منڈوا دو اور عقیقہ کر دو۔ کیوں کہ ہر بچہ عقیقہ کے رہن میں ہوتا ہے۔ ساتویں روز اس کا نام بھی رکھ دو۔

عقیقہ کے بارے میں ارشاد نبویؐ ہے کہ "اگر تم میں سے کوئی اپنے بچوں کا عقیقہ کرنا چاہے۔ تو لڑکے کی طرف سے دو بکرے یا بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکرا یا بکری۔

معقول بات تو یہی ہے کہ ساتویں روز ہی عقیقہ کر دیا جائے اگر کسی وجہ سے ممکن نہ ہو تو بعد میں کیا جاسکتا ہے اور حالات موافق نہ ہوں تو بحرحال اللہ سب دیکھتا اور جانتا ہے۔

"واللہ سمیع وبصیر"

دو بکروں کی جگہ اگر خرابی حالات ہوں تو ایک بکرا بھی قربان کیا جاسکتا ہے۔

آنحضرتؐ نے حضرت حسنؓ کی طرف سے عقیقہ کے موقع پر ایک بکرا ہی ذبح فرمایا تھا۔

ایک اور بات بھی قابل ذکر ہے کہ آجکل عقیقہ کو بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے

اور نمود و نمائش بھی کی جاتی ہے۔ حالانکہ عقیقہ کے موقع پر قربان کئے گئے جانوروں کا گوشت تقسیم بھی کیا جاسکتا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ ہزار پانچ سو آدمیوں کو دعوت کھلا کر ہی اس سنت کو پورا کیا جائے۔ عقیقہ کا گوشت بچہ کے والدین اور والدین کے والدین پر کسی بھی طرح ممنوع نہیں ہے۔ بعض لوگوں نے ابہام پیدا کر رکھا ہے۔

بچوں کا نام تجویز کرنا۔

مسلمان بچوں کے ناموں کو بامعنی ہونا چاہئے اور اگر ان کو صالحین، صحابہ کرام او انبیاء کرام کے ناموں سے منسوب کر دیا جائے تو نہایت ہی مناسب بات ہے۔ آنحضرت کو اگر کوئی نام کسی کا پسند نہیں آتا تھا تو آپ تبدیل فرما دیا کرتے تھے۔

اسی لئے آپ ؐ نے مسلمانوں کو ارشاد فرمایا کہ بامعنی نام اختیار کرو، اور قیصر اور پرویز جیسے ناموں کو اختیار مت کرو۔ قیصر روم کے بادشاہوں کا لقب تھا اور پرویز ایران کا بادشاہ تھا۔ مگر آج کل تو لوگ بھی نام رکھ رہے ہیں اور خود کو بہت بڑا سیکولر ثابت کرنے کے چکر میں بہت آگے تک جانا چاہتے ہیں۔

ایک جگہ آپ ؐ نے ارشاد فرمایا کہ

"جس کا نام میرے نام پر خوش نصیبی کی امید میں رکھا جائے، وہ خوش نصیب ہوگا اور قیامت کے روز تک امن میں رہے گا۔"

"اور اگر میری نسبت میں برکت کے ارادے سے اس کا نام محمد رکھے گا تو وہ اور اس کا بیٹا جنت میں جائے گا۔" (کنزالعمال)

رسول کریم ؐ نے ایسے ناموں کر اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے جن سے شرک کا اظہار ہوتا ہو۔ مثلاً "اللہ تعالیٰ کی بجائے کسی اور کے نام کے ساتھ عبد لکھ دیا جائے یا پکارا جائے۔ اس کے علاوہ سرکار دو عالم ؐ نے ذاتی غرور کو ظاہر کرنے والے ناموں کو بھی اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔ آج کل عام طور پر بچوں کے ناموں کا اختیار ان کی پھوپھی کو دے دیا جاتا ہے یا پھر جنتریوں سے مدد لی جاتی ہے۔ اس قسم کی باتوں کی اسلام نے پابندی نہیں لگائی۔ مگر جنتریوں سے مدد لینا بھی اسلامی رو سے درست نہیں کیونکہ غیب کا علم صرف اللہ کریم کو ہی ہے۔ یہ توہم پرست قسم کے لوگوں کے مشاغل ہیں۔ اسلامی

ناموں کو بگاڑنا بھی نہیں چاہئے۔ بلکہ اپنے اسلامی ناموں پر تو سب کو فخر ہونا چاہئے۔
اب آپ کہیں گے کہ بگاڑا کیسے جاتا ہے تو جناب ایک بھارتی مسلمان گلوکار نے ہندوؤں کے ساتھ اس قدر عقیدت کا مظاہرہ کیا کہ اس نے اپنا نام شبیر حسین کی بجائے شبیر کمار رکھ لیا۔ اس کے اس فعل سے مسلمانوں کو سوائے شرمندگی کے اور کیا حاصل ہوا ہو گا۔

چودھری محمد طارق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هُوَاللّٰهُ وہ اللہ	اَلَّذِیْ لَآاِلٰهَ کہ نہیں کوئی معبود	اِلَّاهُوَ مگر وہ	اَلرَّحْمٰنُ بڑا مہربان	اَلرَّحِيْمُ نہایت رحم والا	اَلْمَلِكُ بادشاہ	اَلْقُدُّوْسُ پاک	اَلسَّلَامُ سلامت رکھنے والا
اَلْمُؤْمِنُ امن دینے والا	اَلْمُهَيْمِنُ نگہبان	اَلْعَزِيْزُ غالب	اَلْجَبَّارُ نقصان کا پورا کرنے والا	اَلْمُتَكَبِّرُ بڑائی والا	اَلْخَالِقُ پیدا کرنے والا	اَلْبَارِئُ عالم کا بنانے والا	اَلْمُصَوِّرُ صورت بنانے والا
اَلْغَفَّارُ بخشنے والا	اَلْقَهَّارُ زبردست	اَلْوَهَّابُ بہت دینے والا	اَلرَّزَّاقُ رزق دینے والا	اَلْفَتَّاحُ کھولنے والا	اَلْعَلِيْمُ جاننے والا	اَلْقَابِضُ بند کرنے والا	اَلْبَاسِطُ کھولنے والا
اَلْخَافِضُ پست کرنے والا	اَلرَّافِعُ بلند کرنے والا	اَلْمُعِزُّ عزت دینے والا	اَلْمُذِلُّ خوار کرنے والا	اَلسَّمِيْعُ سننے والا	اَلْبَصِيْرُ دیکھنے والا	اَلْحَكَمُ حاکم	اَلْعَدْلُ عدل کرنے والا
اَلْكَبِيْرُ بڑا	اَلْعَلِيُّ بلند	اَلشَّكُوْرُ شکر پسند	اَلْغَفُوْرُ بخشنے والا	اَلْعَظِيْمُ بزرگ	اَلْحَلِيْمُ بردبار	اَلْخَبِيْرُ خبردار	اَللَّطِيْفُ باریک بین
اَلْحَفِيْظُ نگہبان	اَلْمُقِيْتُ قوت دینے والا	اَلْحَسِيْبُ کافی	اَلْجَلِيْلُ بزرگ	اَلْكَرِيْمُ سخی	اَلرَّقِيْبُ نگہبان	اَلْمُجِيْبُ قبول کرنے والا	اَلْوَاسِعُ فراخی دینے والا
اَلْحَكِيْمُ حکمت والا	اَلْوَكِيْلُ کارساز	اَلْمُعِيْدُ دوبارہ پیدا کرنے والا	اَلْمُؤَخِّرُ پیچھے	اَلْاَوَّلُ اول	اَلْمُقْسِطُ عدل کرنے والا	اَلْجَامِعُ جمع کرنے والا	اَلْهَادِيْ راہ دکھانے والا
اَلْوَدُوْدُ دوست بڑا	اَلْقَوِيُّ طاقت والا	اَلْمُحْيِيْ زندہ کرنے والا	اَلْمُقَدِّمُ پہلا	اَلْاٰخِرُ آخر	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ عظمت و بخشش کا	اَلْبَاقِيْ ہمیشہ رہنے والا	اَلْبَدِيْعُ نیا پیدا کرنے والا
اَلْمَجِيْدُ بزرگ	اَلْمَتِيْنُ مضبوط	اَلْمُمِيْتُ مارنے والا	اَلْمُقْتَدِرُ صاحب قدرت	اَلظَّاهِرُ آشکارا	مَالِكُ الْمُلْكِ ملک کا مالک	اَلْوَارِثُ مالک	اَلرَّشِيْدُ راہنما
اَلْبَاعِثُ اٹھانے والا	اَلْوَلِيُّ دوست	اَلْحَيُّ زندہ	اَلْقَادِرُ قدرت والا	اَلْبَاطِنُ پوشیدہ	اَلرَّءُوْفُ بہت مہربان	اَلصَّبُوْرُ بڑا تحمل والا	اَلْغَنِيُّ بے پرواہ
اَلشَّهِيْدُ گواہ	اَلْحَمِيْدُ قابل تعریف	اَلْقَيُّوْمُ ہمیشہ رہنے والا	اَلصَّمَدُ بے نیاز	اَلْوَالِيْ کارساز	اَلْعَفُوُّ معاف کرنے والا	اَلْمُغْنِيْ دولتمند کرنے والا	اَلْمَانِعُ منع کرنے والا
اَلْحَقُّ سچا	اَلْمُحْصِيْ گھیرنے والا	اَلْوَاجِدُ پانے والا	اَلْاَحَدُ اکیلا	اَلْمُتَعَالِ برتر	اَلْمُنْتَقِمُ بدلہ لینے والا	اَلنَّافِعُ نفع دینے والا	اَلنُّوْرُ روشنی والا
اَلْمُبْدِئُ پہلے پیدا کرنے والا	اَلْمَاجِدُ بزرگی والا	اَلْوَاحِدُ ایک	اَلْبَرُّ احسان کرنے والا	اَلتَّوَّابُ توبہ قبول کرنے والا	اَلضَّارُّ ضرر دینے والا		

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

مُحَمَّدٌ ؐ تعریف والا	اَحْمَدُ ؐ سب سے زیادہ حمد کرنیوالا	حَامِدٌ ؐ سراہنے والا	مَحْمُودٌ ؐ سراہا گیا	قَاسِمٌ ؐ بانٹنے والا	عَاقِبٌ ؐ پیچھے آنے والا	فَاتِحٌ ؐ کھولنے والا	شَاهِدٌ ؐ گواہی دینے والا
حَاشِرٌ ؐ اٹھنے والا	رَشِيدٌ ؐ نیک	مَشْهُودٌ ؐ گواہی دیا گیا	بَشِيرٌ ؐ خوشخبری دینے والا	نَذِيرٌ ؐ ڈرانے والا	دَاعٍ ؐ بلانے والا	شَافٍ ؐ شفا دینے والا	هَادٍ ؐ ہادی
مَهْدٍ ؐ ہدایت والا	مَاحٍ ؐ محو کرنے والا	مُنْجٍ ؐ نجات والا	نَاهٍ ؐ منع کرنے والا	رَسُولٌ ؐ رسولؐ	نَبِيٌّ ؐ نبیؐ	أُمِّيٌّ ؐ ان پڑھ	تِهَامِيٌّ ؐ تہامی
هَاشِمِيٌّ ؐ ہاشمی	اَبْطَحِيٌّ ؐ ابطح والا	عَزِيزٌ ؐ غالب	حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ ؐ حرص کرنیوالا (لوگوں کے ایمان کیلئے)	رَءُوفٌ ؐ نرم دل	رَحِيمٌ ؐ رحم والا	طٰهٰ ؐ طٰہٰ	مُجْتَبٰى ؐ چنا ہوا
طٰسٓ ؐ طٰسٓ	مُرْتَضٰى ؐ برگزیدہ	حٰمٓ ؐ حٰمٓ	مُصْطَفٰى ؐ چنا ہوا	يٰسٓ ؐ یٰسٓ	اَوْلٰى ؐ بہتر	مُزَّمِّلٌ ؐ کملی والا	وَلِيٌّ ؐ دوست
مُدَّثِّرٌ ؐ چادر اوڑھنے والا	مَتِينٌ ؐ مضبوط	مُصَدِّقٌ ؐ سچ بولنے والا	طَيِّبٌ ؐ پاک	نَاصِرٌ ؐ مدد دینے والا	مَنْصُورٌ ؐ مدد دیا گیا	مِصْبَاحٌ ؐ چراغ	آمِرٌ ؐ حکم دینے والا
حِجَازِيٌّ ؐ حجاز والا	نِزَارِيٌّ ؐ مضر بن نزار کی اولاد سے	قُرَيْشِيٌّ ؐ قریشی	مُضَرِيٌّ ؐ مضر والا	نَبِيُّ التَّوْبَةِ ؐ متوجہ ہونیوالا نبیؐ	حَافِظٌ ؐ یاد رکھنے والا	كَامِلٌ ؐ کامل (پورا)	صَادِقٌ ؐ سچا
اَمِينٌ ؐ امانت دار	عَبْدُ اللّٰهِ ؐ اللہ کا بندہ	كَلِيمُ اللّٰهِ ؐ اللہ سے کلام کرنیوالا	حَبِيبُ اللّٰهِ ؐ اللہ کا دوست	نَجِيُّ اللّٰهِ ؐ اللہ کا رازدار	صَفِيُّ اللّٰهِ ؐ اللہ کا مخلص دوست	خَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ ؐ انبیاء کو ختم کرنیوالا	حَسِيبٌ ؐ کافی
مُجِيبٌ ؐ قبول کرنے والا	مُقْتَصِدٌ ؐ میانہ روی سے چلنے والا	قَوِيٌّ ؐ طاقت والا	مَأْمُونٌ ؐ امن والا	حَقٌّ ؐ سچا	مُطِيعٌ ؐ تابعدار	اَوَّلٌ ؐ اول	ظَاهِرٌ ؐ ظاہر
شَكُورٌ ؐ شکر گزار	رَسُولُ الرَّحْمَةِ ؐ مہربانی والا رسولؐ	حَفِيٌّ ؐ خبر رکھنے والا	مَعْلُومٌ ؐ علم والا	مُبِينٌ ؐ ظاہر	رَسُولُ الرَّاحَةِ ؐ راحت والا رسولؐ	آخِرٌ ؐ پیچھے	بَاطِنٌ ؐ پوشیدہ
نَبِيُّ الرَّحْمَةِ ؐ مہربانی والا نبیؐ	يَتِيمٌ ؐ یتیم	كَرِيمٌ ؐ سخی	حَكِيمٌ ؐ حکمت والا	خَاتَمُ الرُّسُلِ ؐ رسولوں کو ختم کرنیوالا	سَيِّدٌ ؐ سردار	سِرَاجٌ ؐ چمکتا ہوا	مُنِيرٌ ؐ چراغ
مُحَرَّمٌ ؐ محرام کرنیوالا	مُكَرَّمٌ ؐ عزت والا	مُبَشِّرٌ ؐ خوشخبری سنانے والا	مُذَكِّرٌ ؐ نصیحت کرنیوالا	مُطَهَّرٌ ؐ پاکیزہ	قَرِيبٌ ؐ قریب	خَلِيلٌ ؐ دوست جانی	مَدْعُوٌّ ؐ دعوت دینے والا
	جَوَّادٌ ؐ سخی	خَاتِمٌ ؐ ختم کرنے والا	عَادِلٌ ؐ عدل کرنیوالا	شَهِيرٌ ؐ شہرت والا	شَهِيدٌ ؐ گواہ	رَسُولُ الْمَلَاحِمِ ؐ رسول الملاحم	

100 اسمائے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ابوبکر صدیقؓ	عمر فاروقؓ	عثمان غنیؓ	علی المرتضیٰؓ
خالد بن ولیدؓ	ابوعبیدہ بن الجراحؓ	عبداللہ بن زبیرؓ	عبداللہ بن عمرؓ
عبدالرحمٰن بن عوفؓ	عباس بن عبدالمطلب	سعد بن ابی وقاصؓ	ابوذر غفاریؓ
زبیر بن عوامؓ	عبداللہ بن زبیرؓ	معاویہ بن ابی سفیانؓ	حمزہ بن عبدالمطلبؓ
ابوقحافہؓ	عکرمہؓ بن ابی جہل	صفوان بن امیہؓ	حارث بن ہشامؓ
بلال بن رباحؓ	عبداللہ بن جحشؓ	عمار بن یاسرؓ	طلحہ بن عبداللہؓ
مقداد بن اسودؓ	جنادہ بن امیہؓ	بشیر بن مضابہؓ	عمرو بن العاصؓ
عدی بن حاتمؓ	زید بن ثابتؓ	سعید بن زیدؓ	زہیر بن ابوسلمہؓ
عمرو بن جہنیؓ	حویطب بن عبدالعزیٰ	نصیر بن حارثؓ	مصعب بن عمیرؓ
طلیب بن عمیرؓ	ضمام بن ثعلبہؓ	عمیر بن وہبؓ	عروہ بن مسعودؓ
سلمان فارسیؓ	ابوہریرہؓ	زید بن سعنہؓ	طفیل بن عمرو دوسیؓ
خباب بن ارتؓ	عثمان بن مظعونؓ	جعفرؓ بن ابی طالب	عقیلؓ بن ابی طالب
مقداد بن اسودؓ	صہیب بن سنانؓ	واثلہ بن اسقعؓ	معاذ بن عمروؓ
ابودجانہ سماکؓ	معاذ بن عفراؓ	قتادہ بن نعمانؓ	عمرو بن معدی کربؓ
سلمہ بن اکوعؓ	برا بن مالکؓ	عبداللہ بن حذافہؓ	ابوذر غفاریؓ
عبدالرحمٰن بن ابوبکرؓ	عبداللہ بن عباسؓ	ابوموسیٰ اشعریؓ	شرجیل بن حسنہؓ
ابوسلمہ بن عبدالاسد	ابن ام مکتومؓ	ارقم بن ابی ارقمؓ	عبیدہ بن حارثؓ
حاطب بن ابی بلتعہؓ	عکاشہ بن محصنؓ	عبداللہ بن مخرمہؓ	ثمامہ بن اثالؓ
عمرو بن عبسہؓ	عبداللہ بن ابوبکرؓ	ابورہم غفاریؓ	کعب بن مالک انصاریؓ
ابی بن کعب انصاریؓ	زید بن ارقمؓ	عبداللہ بن عمرو بن حرامؓ	سماک بن خرشہ
عبداللہ بن رواحہؓ	عمرو بن جموحؓ	معاذ بن جبلؓ	عبداللہ بن سلام
ابولبابہ رفاعہ بن عبدالمنذرؓ	سعد بن ربیع	حبیب بن زید	بشیر بن سعید انصاری
خزیمہ بن ثابت خطمیؓ	ضحاک بن سفیانؓ	عتاب بن اسیدؓ	عبدالرحمٰن بن سمرا
قیس بن عاصم فتصوریؓ	تمیم بن اوس داری	قعقاع بن عمرو	جریر بن عبداللہ بجلی
ابوایوب انصاریؓ	حذیفہ بن الیمانؓ	ابوسفیان بن صخر بن حربؓ	عوف بن مالک اشجعی

رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

100 اسمائے اولیائے کرام رحمتہ اللہ علیہم

شیخ عبدالقادر جیلانی، علی بن عثمان داتا گنج بخش، خواجہ جنید بغدادی، بہاؤالدین زکریا، خواجہ فرید الدین گنج شکر، شاہ رکن عالم، خواجہ معین الدین اجمیری، نظام الدین اولیا، شیخ شہاب الدین سہروردی، قطب الدین میراں حسین زنجانی، حاجی وارث علی شاہ، بو علی قلندر، شاہ شمس بریز، شاہ شمس سبزواری، حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، احمد رضا خاں بریلوی، عبدالقدوس گنگوہی، موسیٰ فردوسی، خواجہ منصور، یعقوب سروری، منصور عارف، یحییٰ مدنی، خواجہ غلام محی الدین، ابراہیم ادھم، محمد نبی رضا شاہ، ابوالحسن نقوی، ابوالحسن شاذلی، شاہ ہمدان، فضیل بن عیاض، غلام مرتضیٰ زبیری، خواجہ ابو تراب، اوَد طائی، نجیب الدین آبر فردوسی، ممن غزالی، معروف کرخی، عبدالصمد کنعانی، ابوبکر شبلی، شاہ محمد غوث، خواجہ شرف الدین واسطی، حافظ منعمدری، حسن داؤد، جلال الدین رومی، اخوند سعید، محمد علی فخری، بہاؤالدین جنیدی، سخی سلطان، نجیب الدین متوکلی، خواجہ فرید الدین عطار، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، خواجہ علاء الدین صابر، جلال الدین بطامی، ضیاء الدین برنی، جعفر برکی، مبارک حقانی، شاہ عبدالرحیم، بشیر حافی، شیخ محمد معصوم، وجیہہ الدین، ابوالقاسم گرگانی، عبیداللہ احرار، عبدالرحمان جامی، شاہ ولی اللہ، شاہ عبدالرحیم، بدیع الدین شاہ مدار، خواجہ سراج الدین چشتی، شمس الدین پانی پتی، امام غزالی، خواجہ باقی باللہ، شاہ احمد عبدالحق محدث، معظم شاہ، حسام الدین سوختہ، شاہ رحیم اللہ، خواجہ قطب الدین مودود چشتی، محمد رشد مجددی، علاؤالدین عطار، بایزید بطامی، شاہ محمد ابوالمعالی، سری سقطی، فخرالدین رازی، شاہ عبدالعزیز، محمد حسن علی شاہ ہوی، احمد بن حنبل، شفیق بلخی، امام محمد بن اسماعیل بخاری، شاہ عبدالقادر محدث، مخدوم جہانیاں جہاں گشت، جلال نجاری، حسن محمد چشتی، ذوالنون مصری، شاہ رفیع الدین محدث، سید احمد شہید، حسین بن منصور حلاج، ابو عثمان مغربی، خواجہ ناصح الدین محدث، خواجہ حبیب عجمی، صفی القدر مجددی، سعد الدین کاشغر، شیخ نجم الدین کبریٰ، شاہ مینا، علی خواصی ترمذی، صدرالدین عارف، حمید الدین ناگوری، شرف الدین واسطی۔

رحمت اللہ تعالیٰ علیہم

اسمائے گرامی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن

ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰؓ
ام المومنین سیدہ سودہؓ
ام المومنین سیدہ عائشہؓ
ام المومنین سیدہ حفصہؓ
ام المومنین سیدہ زینبؓ
ام المومنین سیدہ ام سلمہؓ
ام المومنین سیدہ جویریہؓ
ام المومنین سیدہ حبیبہؓ
ام المومنین سیدہ صفیہؓ
ام المومنین سیدہ میمونہؓ

اسمائے اولاد پاک جناب رسالتمابؐ

سیدہ زینبؓ
سیدہ ام کلثومؓ
سیدہ رقیہؓ
سیدہ فاطمۃ الزہراؓ
سیدنا ابراہیمؓ
سیدنا قاسمؓ
سیدنا طیبؓ
سیدنا طاہرؓ

اسمائے آئمہ کرام

سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ ؓ
سیدنا امام حسن بن علی المرتضیٰ ؓ
سیدنا امام حسین بن علی المرتضیٰ ؓ
سیدنا امام علی بن حسین زین العابدین ؓ
سیدنا امام محمد بن علی بن حسین باقر بن امام زین العابدین
سیدنا امام جعفر صادق بن امام باقر
سیدنا امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق
سیدنا امام علی رضا بن موسیٰ کاظم
سیدنا امام محمد نقی بن علی بن موسیٰ
سیدنا امام علی بن محمد عسکری
سیدنا حسن بن علی زکی

☆☆☆☆☆☆

سیدنا امام مالکؒ
سیدنا امام محمد بن ادریس شافعیؒ
سیدنا امام نعمان بن ثابت ابو حنیفہؒ
سیدنا احمد بن حنبلؒ

علم الاعداد

اعداد کا شخصیت پر اثر

سب سے پہلے تو آپ کو یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ نام کا عدد کس طرح معلوم کیا جائے۔ یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ علم الاعداد میں ایک تو نام کا عدد معلوم کیا جاتا ہے اور دوسرے تاریخ پیدائش کا عدد بھی معلوم کر کے حالات زندگی کو پرکھا جاسکتا ہے۔ کیوں کہ انسان کی قسمت اور کائنات میں تغیر و تبدل کے ساتھ اعداد کا انتہائی گہرا تعلق ہے۔ علم الاعداد کو حاصل کرنے کے لئے آپ کو ہندسوں کے عدد یاد رکھنا لازمی ہے۔ اعداد کا جدول آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

حروف	اعداد	حروف	اعداد
الف	1	ض	800
ب۔پ	2	ط	9
ج' چ	3	ظ	900
ت' ٹ	400	ع	70
ث	500	غ	1000
ح	8	ف	80
خ	600	ق	100
د' ڈ	4	ک' گ	20
ذ	700	ل	30
ر' ڑ	200	م	40
ز' ژ	7	ن	50
س	60	و	6
ش	300	ہ	5
ص	90	ے	10

جیسا کہ آپ نے جدول میں ملاحظہ فرمایا کہ تمام حروف کے اعداد آپ کو معلوم ہو چکے ہیں۔ اب نام کا عدد نکالنے کے لئے آپ پہلے تو نام کے ہجے علیحدہ علیحدہ کریں۔ اب ان تمام حروف کے آگے عدد لکھتے جائیں۔ اس کے بعد تمام اعداد کو جمع کر لیں عدد حاصل ہو جائے گا۔

محمد علی کے اعداد اس طرح حاصل ہوں گے۔

م	40
ح	8
م	40
د	4
ع	70
ل	30
ی	10

اب ہمارے پاس اعداد 202 حاصل ہوئے ان کو ہم اب اکائی کی صورت میں یوں لائیں گے کہ

2+0+2 یعنی حاصل ہوا ہے عدد 4۔

مثال =!

محمد ضیاء الحق

م	40
ح	8
م	40
د	4
ض	800
ی	10
ا	1

ا	1
ل	30
ح	8
ق	100
	1042

اکائی کی صورت میں اس طرح آئے گا۔

7=1+0+4+2

یعنی ہمارے پاس عدد حاصل ہوا۔ 7

محمد نواز شریف

م	40
ح	8
م	40
د	4
ن	50
و	6
ا	1
ز	7
ش	300
ر	200
ی	10
ف	80
	746

اکائی کی صورت میں اس طرح لکھیں گے۔

17=7+4+6

اب حاصل شدہ عدد کو اکائی میں یوں تبدیل کریں گے۔

8=1+7

یعنی ہمیں عدد حاصل ہوا۔ 8
اس طرح تاریخ پیدائش کا بھی عدد نکالا جاسکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ اگر
مثال۔
کسی کی تاریخ پیدائش 9 ستمبر 1958ء ہے۔ تو یوں لکھا جائے گا۔
41=9+9+1+9+5+8
اب عدد 41 کو اکائی میں اس طرح لکھیں گے۔
5=4+1
یعنی ہمارا حاصل شدہ عدد 5 ہے۔

مثال
کسی کی تاریخ پیدائش 16 جون 1978ء ہے۔ تو یوں لکھا جائے گا۔
38=1+6+6+1+9+7+8
اب عدد 38 کو اکائی میں اس طرح حاصل کریں گے۔
2=1+1=11=3+8
یوں ہمارے پاس عدد حاصل ہوا 2

مثال
اگر کسی کی تاریخ پیدائش 10 مئی 1980ء ہے تو یوں لکھا جائے گا۔
24=1+0+5+1+9+8+0
اب عدد 24 کو اکائی میں یوں حاصل کریں گے۔
6=2+4
یعنی ہمارا حاصل شدہ عدد ہے۔ 6
اب حاصل شدہ اعداد کو اکائی میں اس طرح تبدیل کریں۔
14=6+0+8
اس طرح ہمیں اعداد حاصل ہوئے۔ 14
اکائی میں اس طرح لکھا جائے گا۔
5=1+4
یعنی اتوار کو پیدا ہونے والوں کا عدد ہے 5

اعداد کا شخصیت پر اثر

1

اگر کسی کا عدد 1 ہے اور دن کا عدد تین ہے تو ایسے لوگ آزاد طبع واقع ہوتے ہیں۔ ان پر کسی قسم کی پابندی نہیں لگائی جاسکتی۔ ان لوگوں کی طبیعت میں تکبرانہ پن کی واضع جھلک موجود ہوتی ہے۔ یہ کسی کے مشوروں کو بھی اسقدر اہمیت نہیں دیتے بلکہ اپنے خیال ہی کو بہتر گردانتے ہیں۔ لیکن دیکھا یہ گیا ہے کہ ایسے لوگ فیصلے بہت عمدگی سے کرتے ہیں ان کے فیصلوں میں کوئی نقص یا جھول نہیں ہوتا۔

اسی طرح ایسے لوگ بلا کے قابل بھروسہ ہوتے ہیں۔ اگر ان کے سپرد کوئی کام کر دیا جائے تو اپنی بہترین کاوش کو بروئے کار لاکر انجام دیتے ہیں۔ ایسے لوگ تحکمانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کا حوصلہ ہمیشہ بلند دکھائی دیتا ہے اور ایسے لوگوں میں بہادری کا عنصر بہت نمایاں ہوتا ہے۔ ایسے لوگ عام طور پر مضبوط قدو قامت کے مالک ہوتے ہیں اور خوب لمبے چوڑے ہوتے ہیں۔

قابل رشک صحت کے مالک یہ لوگ ہوتے ہیں۔ نڈر اور بیباک فطرت کے مالک ایسے لوگ ہوتے ہیں۔ ان کی رنگت سرخ ہوتی ہے۔ مگر ان کو امراض قلب امراض چشم کا خطرہ موجود رہتا ہے۔

2

اگر کسی کا عدد 2 اور یوم پیدائش کا عدد بھی 2 ہے تو ایسے لوگوں کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ جنس مخالف کے دیوانے ہوتے ہیں۔ عشق میں یہ تن من دھن کی پراہ نہیں کرتے۔ مگر یہ کسی ایک پر تکیہ بھی نہیں کرتے ایک کے بعد دوسرا۔ یہی ان کی تمام زندگی کا اصول ہوتا ہے۔ ایک عشق اگر ناکام ہو جاتا ہے تو دوسرا جلد ہی شروع کر دیتے ہیں۔ اس معاملے میں ان کو قرار نہیں ہوتا۔

ایسے لوگوں کی طبیعت میں ٹھہراؤ نہیں ہوتا۔ بلکہ ہر وقت دوڑتے بھاگتے نظر آتے ہیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ بے جا عجلت پسندی ان لوگوں کو نقصان سے بھی دوچار کر دیتی ہے اور ایسے لوگ عام طور پر تنگدستی کا شکار نظر آتے ہیں۔ ایسے لوگوں میں تفریح کا بہت شوق ہوتا ہے۔ تنگدستی میں بھی یہ تفریح کا کوئی موقع نہیں گنواتے۔

3

جن لوگوں کا عدد 3 اور یوم پیدائش کا عدد 4 ہوتا ہے۔ ان کے متعلق یہی دیکھا گیا ہے کہ یہ لوگ فربہ اندام اور مذہب کی طرف جھکاؤ رکھتے ہیں۔ ایسے لوگ بہت ہی فراخ دل اور سخاوت پسند ہوتے ہیں۔ بلکہ انکی سخاوت اور فیاضی میں ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ خود مالی مشکلات کا بھی وقتی طور پر شکار ہو جاتے ہیں۔ مگر حالات خواہ کیسے ہی کیوں نہ ہوں ان کو آپ دوسروں کے لئے پریشان اور مددگار ہی کے طور پر دیکھیں گے۔

دوسرے کی مدد یہ ہر حال میں کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ چاہے ان کے اپنے نقصان ہی کا اندیشہ کیوں نہ ہو۔ یہ اس بات کی بھی پرواہ نہیں کرتے کہ ان کے احسان کا کوئی بدلہ بھی اتارے گا کہ نہیں اور ہوتا بھی یہی ہے۔ جب یہ ضرورت مند ہوتے ہیں تو ان کو کسی دوست سے فائدہ نہیں پہنچتا۔ مگر ان کو کسی سے شکایت کرتے نہیں دیکھا جاتا۔ بلکہ ہمیشہ بلند ہمتی اور بلند خیالات کا اظہار ہوتا ہے۔

بہت زیادہ دولت بھی ان کی انکساری کو ختم نہیں کرتی۔ بلکہ یوں کہنا نہایت مناسب ہو گا کہ یہ لوگ دولت کو بہت زیادہ اہمیت ہی نہیں دیتے۔ ان کو خوشی تو بس خرچ کرنے ہی سے حاصل ہوتی ہے۔ بلند پیشانی ہوتی ہے۔ مگر اکثر ان کے بال سروں سے بہت جلد غائب ہو جاتے ہیں۔

انہیں امراض معدہ اور جگر سے خطرہ رہتا ہے۔ کیوں کہ ان کو دوسروں کے بارے میں بہت سے تفکرات گھیرے رہتے ہیں۔

4

جن افراد کا عدد 4 اور یوم پیدائش 3 ہوتا ہے۔ وہ لوگ اپنے آرام و آسائش کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ مگر آرام و آسائش میں اگر کسی بھی وجہ سے خلل پڑ جائے تو خوامخواہ پریشان ہو جاتے ہیں۔ ان لوگوں کو اکثر حالات کا شکوہ کرتے دیکھا گیا ہے۔ اپنی غیر سنجیدہ منصوبہ بندی سے یہ لوگ اکثر مالی طور پر مستحکم نہیں ہو پاتے۔

چونکہ ان کی مالی حالت بہتر نہیں ہو پاتی۔ اس لئے ان کے دلوں میں کینہ اور حسد جیسے جذبات پیدا ہو جاتے ہیں۔ لیکن اگر ان کو اپنے آپ پر قابو پانا آجائے تو نہایت کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔ چونکہ اپنے آپ کو مضبوط تصور نہیں کرتے اس لئے دوسروں سے عام طور پر نفرت کا اظہار کرتے نظر آتے ہیں۔ مذہبی طور پر یہ لوگ جنونی ہوتے ہیں۔

ظاہری نمود و نمائش کے بہت دلدادہ ہوتے ہیں اور اپنی جمع پونجی بھی بے دریغ خرچ کر ڈالتے ہیں۔ اور اسی لئے ان کے تعلقات بڑے بڑے لوگوں سے ہوتے ہیں۔ حالانکہ ان سے یہ فائدہ نہیں اٹھاتے بلکہ فائدہ اٹھانے والوں کو نفرت سے دیکھتے ہیں۔ ان لوگوں کو عام طور پر جلدی امراض کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

5

جن لوگوں کا عدد 5 اور یوم پیدائش 6 ہوتا ہے۔ وہ لوگ معصوم صفت ہوتے ہیں۔ اسی لئے چھوٹے بچوں سے اکثر الفت کا اظہار کرتے نظر آتے ہیں۔ مگر اس کے ساتھ ہی ساتھ کاروباری صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ کاروبار میں انہیں نقصان سے دوچار نہیں ہونا پڑتا۔ بہت ہی کم یہ لوگ ملازمت کرتے نظر آتے ہیں اور اگر بہ امر مجبوری انہیں کسی جگہ ملازمت کرنا بھی پڑ جائے تو ہمہ وقت ان کے سر پر اپنے کاروبار کا ہی بھوت سوار رہتا ہے۔

ان لوگوں کی آنکھیں درمیانی ہوتی ہیں۔ مگر ذہانت کی چمک ان کی آنکھوں میں نمایاں ہوتی ہے۔ یہ لوگ طویل قامت بھی ہوتے ہیں اور پست قامت بھی۔ مگر دونوں صورتوں میں عملی جدوجہد میں یہ سب سے آگے ہوتے ہیں۔ کسی بھی کام کو جلدی سرانجام دینے کی کوشش میں عام طور پر کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جبکہ دوسرے ابھی سوچ ہی رہے ہوتے ہیں۔

ان لوگوں کو عام طور پر دماغی اور اعصابی عارضے کا شکار دیکھا گیا ہے۔ ان حالات میں ان کا حافظہ بھی کمزور پڑ جاتا ہے اور بعض اوقات اسی وجہ سے نقصان بھی اٹھاتے ہیں۔

انہیں چونکہ دماغی اور اعصابی عارضے گھیرے رہتے ہیں اس لئے آخر عمر میں یہ لوگ فالج اور لقوہ جیسے امراض کا شکار ہو جاتے ہیں۔

6

جن لوگوں کا عدد 6 اور یوم پیدائش کا عدد 7 ہوتا ہے۔ وہ لوگ سہل زندگی گزارنے کے آرزو مند ہوتے ہیں۔ ان کے خیالات ہمیشہ عیش و نشاط کے گرد گھومتے رہتے ہیں۔ یہ بہت کم تخریبی سوچ کے حامل ہوتے ہیں۔ ان کا ذہن ہمیشہ صلح اور امن کو ہی اچھا سمجھتا ہے۔ ان کو اپنا خاندانی وقار بہت عزیز ہوتا ہے اور خاندان کے سبھی افراد سے بے حد محبت کرتے ہیں۔

انہیں دنگا فساد سے بہت نفرت ہوتی ہے۔ یہ سمجھتے ہیں کہ امن و سکون سے زندگی گزارنا ہی سب سے بڑی خوشی ہے۔ ان کو تکلیف کے نام ہی سے چڑ ہوتی ہے۔ اور اگر ان کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ جائے تو از حد ملول ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ جسمانی ساخت متناسب اور خوبصورت ہوتی ہے۔ مگر سہل پسندی کی وجہ سے جلد ہی موٹے ہو جاتے ہیں۔

ان لوگوں کی آنکھیں خوبصورت ہوتی ہیں۔ چنانچہ ان کو جنس مخالف میں خاصی مقبولیت حاصل ہو جاتی ہے۔ جنس مخالف ان کی خوبصورتی سے مرعوب ہو جاتا ہے۔ اور بعض اوقات حد سے بھی گزر جاتے ہیں۔

انہیں مخصوص عوارض لاحق ہونے کا خطرہ بھی موجود رہتا ہے۔ جبکہ ان کو امراض گردہ بھی پریشان کئے رکھتے ہیں۔

7

جن لوگوں کا عدد 7 اور یوم پیدائش کا عدد 8 ہوتا ہے وہ لوگ عام طور پر فربہی مائل ہوتے ہیں۔ جبکہ زردی مائل رنگ کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کا مزاج کافی تیز ہوتا ہے اور ان کا غصہ مشہور ہوتا ہے ۔ انہیں قائل کرنا بہت مشکل امر ہوتا ہے۔ اپنے مزاج کے خلاف تو یہ بات برداشت کر ہی نہیں سکتے۔

اصولوں پر سختی سے کاربند رہتے ہیں اور صاف گوئی کی وجہ سے لوگ ان کو مغرور اور بددماغ سمجھنے لگتے ہیں۔ ان کو عام طور پر آپ پریشان ہی دیکھیں گے۔ ارادوں کے بڑے مضبوط رہتے ہیں۔ اگر کچھ کہہ دیا تو پھر اس سے منہ نہیں موڑتے۔ بلکہ اس کو سرانجام دیئے بغیر دم نہیں لیتے۔

ان کو بہت سخت گیر آفیسر یا کاروباری سمجھا جاتا ہے۔

8

جن لوگوں کا عدد 8 اور یوم پیدائش کا عدد 9 ہوتا ہے۔ ان کی ساری زندگی پریشانیوں میں کٹ جاتی ہے۔ بلکہ خود غرض اور ریاکار ہوتے ہیں۔ عام طور پر ان کو ناکامیوں اور محرومیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسی لئے یہ لوگ خود غرضی کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ پھر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ ان پر کوئی بھی بھروسہ کرنے کے واسطے تیار نہیں ہوتا۔ ان کو احسان فراموش تصور کیا جاتا ہے۔ مگر اصل وجوہات کوئی نہیں دیکھتا۔

اپنے حالات سے تنگ آکر آدمی غلط فیصلے ہی کرتا ہے۔ تفکرات اور پریشانیوں سے چہرے کی خوبصورتی رخصت ہو جاتی ہے اور رنگت بھی سیاہی مائل ہو جاتی ہے مزید یہ کہ صحت بھی گرتی چلی جاتی ہے۔ جبکہ اکثر ان کو ان کے مزاج کے خلاف ہی خبریں ملتی ہیں۔ جس کی وجہ سے ان کی طبیعت میں چڑچڑا پن آجاتا ہے۔ ان کے مزاج میں کسی پر بھروسہ کرنا ہی نہیں ہوتا۔ حالانکہ ان سے بہت سارے لوگ مخلص بھی ہوتے ہیں۔

ان لوگوں کو سینے کے امراض اور ٹی بی جیسی بیماری گھیر لیتی ہیں اور طویل عرصہ ان کا انہی بیماریوں کی نظر ہو جاتا ہے۔

9

جن لوگوں کا عدد 9 اور یوم پیدائش ایک ہوتا ہے۔ ان میں ایمانداری اور راست گوئی بہت اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے۔ ان لوگوں میں بد طینت لوگ بہت کم ملیں گے۔ وسیع القلب لوگ ہوتے ہیں۔ فطرت کے لحاظ سے نہایت عمدہ ہوتے ہیں۔ ان میں سوچنے سمجھنے اور سمجھانے کی بڑی قوت ہوتی ہے۔ بعض اوقات یہ لوگ بڑے سے بڑا کارنامہ بھی سرانجام دے دیتے ہیں۔

یہ لوگ جنگجو طبیعت کے حامل ہوتے ہیں اور ہمیشہ دبنگ لہجے میں بات کرتے ہیں۔ جبکہ صاف گوئی ان کا شعار ہوتی ہے۔ اس لئے عوام ان کو اپنا ہیرو تصور کرتے ہیں۔ ڈر اور خوف تو ان کو چھو کر بھی نہیں گزرا ہوتا ہے۔ اسی لئے لوگ ان کو پسند کرتے ہیں۔ کسی کو بلاوجہ کبھی تنگ نہیں کرتے۔ مگر ان کو اگر تنگ کیا جائے تو ہر قسم کے حالات میں سینہ سپر ہو جاتے ہیں۔

یہ بڑے سخت منتظم اور سخت گیر ہوتے ہیں۔ اسی لئے ان کی اشیا بہت ہی کم ادھر ادھر ہوتی ہیں۔ ان کو اکثر زخم بھی لگ جاتے ہیں۔ مگر زخم ان کو پریشان نہیں کرتے۔ ناگہانی مصائب و آلام کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جبکہ اچانک حادثات کا ان کو دھڑکا لگا رہتا ہے۔

یہ لوگ سرخ رنگت کے مالک ہوتے ہیں اور مضبوط ڈیل ڈول رکھتے ہیں۔ ان کی آنکھیں پرکشش اور چمکدار ہوتیں ہیں۔ جبکہ انہیں جنس مخالف سے کوئی خاصی رغبت نہیں ہوتی۔ جن سے شادی ہو جاتی ہے۔ وفاداری کا ثبوت دیتے ہیں۔

تمام اعداد کے حالات مختصر تحریر کر دیئے ہیں۔ یہ محض اس لئے تحریر کئے ہیں کہ اگر کوئی ان میں سے کسی ایک عدد کا حامل ہے تو اپنی کمزوریوں اور کوتاہیوں پر آسانی سے قابو پا سکے اور کسی کو دوسرے کا عدد معلوم ہو تو اس کی کمزوریوں کو نظر انداز کر سکے۔ نہ صرف یہ بلکہ ان کو دور بھی کر سکے۔

اگر کسی کو اپنا عدد معلوم ہو تو وہ اپنی شخصیت کو بہت اچھی طرح جان سکتا ہے۔ پھر اپنی صلاحیتوں سے پورا پورا فائدہ بھی اٹھا سکتا ہے۔ جبکہ اپنی خامیوں کو دور بھی کر سکتا ہے۔ ایک اچھا مستقبل اس کا منتظر ہوتا ہے۔

الف

نام کا ابتدائی حرف	الف
برج کا نام	حمل
ستارے کا نام	مریخ
موافق پھل	سورج مکھی
موافق رنگ	سرخ
موافق پتھر	لعل، حجر الام، حجر سیلان
اعداد	1

حمل اور مریخ کے باہم ملنے سے اثرات

فیاضی اور حکمرانی کا جذبہ نیز خود غرضی اور انانیت کا جذبہ ان لوگوں میں نمایاں ہوتا ہے۔ انانیت اور خود غرض طبع کی وجہ سے کبھی کبھار ازدواجی مشکلات میں پھنس جاتے ہیں۔ مگر غیروں سے تعلقات بہتر رکھتے ہیں، اپنے اعزا سے دور ہی رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ لوگ ترقی کے ازحد خواہاں ہوتے ہیں، ان میں حکم چلانے کا جذبہ، اعلیٰ سرکاری حکام سے رابطہ کی سعی۔ بہت بڑھ کر ہوتی ہے۔ خود نمائی کے بہت شوقین ہوتے ہیں۔ بلاشبہ ان کا ذہن ہر وقت کچھ نہ کچھ کر گزرنے کا ہی سوچتا رہتا ہے۔ عقل مندی ان کی سرشت میں شامل ہوتی ہے۔

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
آزاد	صفت	فارسی	4	بے فکر، بے غم، قید سے چھوٹا ہوا، خود مختار، عام طور پر آزاد کو بطور لقب ہی اختیار کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ ایک بہت بڑے عالم دین تھے۔ ابوالکلام آزاد اور خطیب شاہی مسجد کا نام ہے مولانا عبدالقادر آزاد
آدم	مذکر	عربی	9	حضرت آدم علیہ السلام کا نام ہے۔
آباد	مذکر	فارسی	8	رونق والا، بھرا پرا، اس کو عام طور پر آبادیوں کے ناموں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ اسلام آباد، فیصل آباد۔
آزر	مذکر	عربی	1	حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بت تراش باپ کا نام۔ مطلب اس کا ہے کسی چیز کا احاطہ کرنا اور آگ کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔
آرزم	مذکر	عربی	5	جھگڑا، لڑائی، جنگ۔
آرندہ	مذکر، صفت	فارسی	8	مہیا کرنے والا، مجموعہ، اکٹھا کرنا۔
آصف الدولہ	مذکر	عربی، اردو	4	اودھ کے نواب کا نام جو اپنی فیاضی اور ادب نوازی میں یکتا تھا۔
آصف جاہ	مذکر	فارسی، اردو	9	مغل امرا کا لقب، مطلب اس کا ہے بلند مرتبہ والا۔
آصفیہ	مونث	فارسی	6	لائق و فائق، ضبط و تحمل کی حامل
آسیہ	مونث	اردو، ہندی	3	فرعون کی مومنہ بیوی۔

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
آسیا	مونث	فارسی	9	بھروسہ' امید کی کرن۔
آبدار	مذکر	فارسی	1	شیشے کی مانند صاف' چمکدار
آبدر	صفت	فارسی	9	آب و تاب' موتیوں جیسی چمک
آغامینا	مونث	اردو	5	بنگال کی مینا
آبرو	مونث	عربی	2	عصمت' عزت' بزرگی' نیک نامی
آدرش	مذکر	اردو	1	شیشہ' اصول سیرت
آتش	مذکر	فارسی	8	آگ' اردو کے معروف شاعر خواجہ حیدر علی آتش کا تخلص
آبتین	مذکر	فارسی	4	فریدون کے باپ کا نام' جو ایران کا ساتواں بادشاہ تھا۔
آبص	مذکر	عربی	3	خوش نصیب' شاداں و فرحاں
آرب	مذکر	عربی	5	توانا' مستحکم' مضبوط
آریز	مذکر	عربی	2	قومی راہنما
آرب	مذکر	عربی	5	عقل و فہم والا
آژمیر	مذکر	فارسی	6	پرہیز گار' چاق و چوبند
آفندی	مذکر	ترکی	1	محترم' سلطنت عثمانیہ میں افسروں کا لقب
آفریدی	مذکر	فارسی	8	پختونوں کے ایک قبیلے کا نام
آبلوج	مونث	فارسی	6	میٹھی' مصری کی ڈلی
قرابت	مونث	فارسی	1	ملاپ' یکجائی
آبنوس	مذکر	عربی	8	ایک قیمتی سیاہ رنگ کی لکڑی
آرائش	مونث	فارسی	7	سجاوٹ' دکھاوا
آثم	صفت	عربی	9	عاصی' گنہگار' عام طور پر شاعر حضرات اس کو بطور تخلص اختیار کرتے ہیں

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
آخذ	صفت	عربی	5	حاصل کرنے والا گرفت میں لینے والا
آدھین	مذکر	اردو	7	عاجزی سے پیش آنے والا' اطاعت کرنے والا
آصف	مذکر	عربی	9	لائق' قابل' عبور رکھنے والا
آئیکت	مذکر	ترکی	8	سعد چاند
آنق	مذکر	عربی	7	خوش و خرم ہونا
آئینور	مذکر	ترکی	6	چاند کا ہالہ
آسودہ	مذکر	فارسی	4	خوشحال' خوش باش' امیر کبیر
آس	مذکر	فارسی	7	امید' طلب' خواہش
آفاق	مذکر	اردو' فارسی	2	آسمان کے کنارے' افق
آثر	مذکر	عربی	8	بلند آسمان مصمم ارادہ
آزف	مذکر	عربی	8	قرابت دار' عزیز از جان
آشام	مذکر	فارسی	9	بھرا ہوا' پینے والا' تکبر کی چال والا
آشفتہ	مذکر	فارسی	3	حیران' عاشق ایک نامور شاعر کا تخلص
آغا	مذکر	اردو	3	مالک' آقا' عزت والا
آتیہ	مونث	فارسی	6	توقع' آنے والی' مہیا کرنے والی
آثمہ	مونث	عربی	6	گناہ گار عورت غلط کار
آدلہ	مونث	عربی	4	دلیل دینے والی' پختہ بات کرنا
آراش	مونث	فارسی	1	تسلی' راحت' الفت
آزلہ	مونث	عربی	8	منع کرنے والی بچانے والی
آسرہ	مونث	اردو	1	امید' سہارا
آسمہ	مونث	فارسی	7	ششدر' حیران
آفرین	مونث	فارسی	8	نعرۂ تحسین' تعریف کرنا' ہمت افزائی کرنا

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
آلفہ	مونث	عربی	8	اپنی طرف راغب کرنا' الفت جتانا
آمغہ	مونث	عربی	2	سچ' حقیقت
آنسہ	مونث	عربی	7	محبت کرنے والی' کنواری
آمنہ	مونث	عربی	5	سرکار دو عالمؐ کی والدہ ماجدہ کا نام نامی ہے۔ مطلب راست باز' مطمئن اور بے خوف و نڈر
آنیہ	مونث	فارسی	2	جانب' انا و خودداری
آویز	مونث	فارسی	6	محبت' متوجہ کرنا' اچھا لگنا
آئلہ	مونث	ترکی	5	چاند جیسی
آئرہ	مونث	ترکی	4	قابل عزت
آملیے	مونث	عربی	2	چاند
اللہ	صفت	عربی	4	خالق کائنات کا ذاتی نام
احمد	صفت	عربی	8	اللہ کریم کی حمد و ثنا کرنے والے' نبی اکرمؐ کا نام نامی اسم گرامی
ابراہیم	مذکر	عربی	7	اللہ پاک کے ایک پیغمبر کا نام
اسماعیل	مذکر	عربی	5	سیدنا ابراہیم کے صاحبزادے کا نام
ابوبکر	مذکر	عربی	6	خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیقؓ
ابتسام	مذکر	عربی	9	جائز' اجازت
ابسام	مذکر	عبرانی	5	امن کا داعی
ابرار	مذکر	عربی	8	پاک باز' پرہیزگار
ابراز	مذکر	فارسی	4	بھید کھلنا' ظاہر کرنا
ابرام	مذکر	عربی	1	حاجت' مضبوط گرفت
اثرہ	مونث	عربی	2	کسی چیز کا اثر' نتائج

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
اجالا	مونث	اردو	4	روشنی
ابریق	مذکر	عربی	7	چمکتی تلوار' چھاگل
ابژ	مذکر	عربی	1	آسمان' بلند و بالا' عالی رتبہ
ابو عبیدہ بن الجراح	مذکر	عربی	8	ایک صحابی کا نام جنکا شمار عشرہ مبشرہ کی پاک ہستیوں میں ہوتا ہے
اجرہ	مونث	فارسی	2	بدلہ' انعام و اکرام' تحفہ
اجینہ	مونث	فارسی	1	نہایت عالی شان' بہت خوب
ابساط	مذکر	عربی	1	کشادہ ترین' چوڑا' وسیع
ابشام	مذکر	عربی	2	ایک درخت جو خوشبودار ہے
احصفہ	مونث	عربی	4	مضبوط کرنا' پختہ کرنا' پائیداری
احلاء	مونث	عربی	4	مٹھاس' شیریں
احمر	مذکر	عربی	6	سرخ رنگ
احمرین	مونث	عربی	4	سرخ رنگت والی
ابصار	مذکر	عربی	6	دیکھنا' علم حکمت
ابیض	مذکر	عربی	3	انڈے کی طرح سفید
احواد	مونث	عربی	2	سیاہ آنکھوں والی' بے حد خوبصورت
اختر	مذکر	فارسی	6	مطلب ستارہ' مقدر
اذفیرین	مونث	عربی	6	بلند رتبہ والی
اتابک	مذکر	ترکی	1	حفاظت کرنے والا' تعلیم دینے والا
اتصاف	مذکر	عربی	5	تعریف کرنا' صفت بیان کرنے والا
اتحاف	مذکر	فارسی	4	تحائف دینے والا
اتہام	مذکر	سندھی	8	روایت' تاریخ' حکایت
اوالہ	مونث	عربی	5	دولت و ثروت' فتح مندی

نام	مذکر/مونث	زبان	عدد	مطالب ومعانی
ازاحت	مونث	عربی	3	کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے والی
ازالہ	مونث	عربی	8	علیحدہ کرنے والی' بدلہ
ازلہ	مونث	عربی	7	تیز رفتار سفر' رخت سفر باندھنا
اثیر	مذکر	فارسی	9	بلند آسمان' عرش بریں
اثیل	مذکر	فارسی	1	عالی خاندان کا چشم وچراغ
اجمل	مذکر	عربی	2	بلند رتبہ' خوب رو
اجمال	مذکر	فارسی	3	قلیل مختصر
اجمر	مذکر	عربی	1	تیز رفتار
اجود	مذکر	فارسی	5	دانا' عقل' فہم وفراست
اجلال	مذکر	اردو' فارسی	2	بزرگی' شاہ' عظمت وحشمت
اجیالہ	مذکر	اردو	5	روشنی والا' چمک دمک والا
اذکیہ	مونث	عربی	7	عقل والی' دانائی والی
اذمہ	مونث	عربی	8	اختیار' حق' عزت' حفاظت
اذین	مونث	فارسی	4	سجانا' سنوارنا
اریدہ	مونث	عربی	4	پسند کی جانے والی' طلب کی جانے والی
آروین	مونث	فارسی	5	امتحان' آزمائش
اثیم	مذکر	عربی	2	عاصی گناہ گار'
احتشام	مذکر	عربی	3	بلند رتبہ' بزرگی' شان
اخلاص	مذکر	اردو' عربی	2	بغیر مطلب کے' خلوص سچی دوستی' کلام اللہ کی ایک سورۃ
اخبر	مذکر	عربی	2	آزمانے والا' خبر دینے والا
اخلاق	مذکر	عربی' اردو	3	خصائل' عادات
احتضار	مذکر	عربی	7	تازہ ہونا' حاضر ہونا

نام	مذکر / مونث	زبان	عدد	مطالب و معانی
اجتبیٰ	مذکر	عربی		پسندیدہ، چنا ہوا
اخضر	مذکر	عربی	8	سرسبز، ہرا بھرا
اخوت	مذکر	عربی	8	بھائی چارہ، برادری
ارقم	مذکر	عربی	8	لکھاری، رقمطراز، مشہور صحابی رسولؐ جن کا گھر دارالارقم پہلا گھر تھا۔ جہاں نبی کریمؐ اصحاب کرامؓ کو تبلیغ دین فرماتے تھے۔ اس گھر میں امیر حمزہؓ اور فاروق اعظم مشرف بہ اسلام ہوئے۔
ارحام	مذکر	عربی	7	رحم دل، رحم کرنے والا
ارتضیٰ	مذکر	عربی	7	پسند کیا گیا، راضی ہوا
ادریس	مذکر	عربی	5	مشہور پیغمبر، درس دینے والے
ارسطو	مذکر	فارسی	6	یونان کا شہرت یافتہ دانشور، عقل و فہم والا
ادیم	مذکر	عربی	1	سرخ رنگت والا، خوشبودار چمڑا
ارقام	مذکر	عربی	9	رقمطراز ہونا، لکھنا
ادیب	مذکر	عربی	8	ادب لکھنے والا، لکھاری
ارفی	مذکر	عربی	3	کسی کی حفاظت میں آنا
ازفر	مذکر	عربی	9	عالی رتبہ لوگ
ارفع	مذکر	عربی	9	عالی درجہ، بلند و بالا
اذعان	مذکر	عربی	2	تابع فرما، اطاعت گزار
ارصی	مذکر	عربی	4	جما ہوا، ثابت قدم
ارفعہ	مونث	عربی	5	عالی شان رتبہ والی
ارفیہ	مونث	عربی	8	کسی کی حفاظت میں آنے والی

نام	مذکر / مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
اربا	مونث	ترکی	8	مضبوط' طاقتور
ازعلہ	مونث	عربی	5	خوش کرنے والی
ازلفہ	مونث	عربی	6	راہنمائی کرنے والی
استے	مونث	ترکی	2	چاہے جانے والی' خواہش کی جانے والی
ارشاد	مذکر	عربی	2	حکم' نصیحت
ارکن	مذکر	ترکی	9	علی الصبح' صبح صادق
ارزاق	مذکر	عربی	3	باران رحمت' بارش
ارسلان	مذکر	فارسی	8	ایران کے سلجوق خاندان کا بادشاہ' تحفہ
ارتاخ	مذکر	عربی	4	چست و چالاک' خوش اطوار
ازہاب	مذکر	عربی	7	مالک مختار' پالنے والے
ارشد	مذکر	عربی	1	ہدایت پانے والا
اسماء	مونث	عربی	3	حضرت ابوبکر صدیق کی صاحبزادی اور حضرت زبیر بن العوام کی زوجہ اور حضرت عبداللہ بن زبیر کی والدہ ماجدہ' جو آنحضرت کی خطاب یافتہ تھیں۔
اشنہ	مونث	عربی	8	خوشبودار' معطر
اسمر	مونث	عربی	4	گندم گوں رنگت والی
اشکہ	مونث	عربی	2	دشوار' مشکل' جنگل
ارشق	مذکر	فارسی	7	عزت والا' بلند رتبہ
ارباب	مذکر	اردو عربی	8	پالنے والے' پرورش کرنے والے
اریل	مذکر	ترکی	7	مردانگی کا شہکار' بے خوف
ازاعت	مونث	فارسی	2	مشہور کرنے والی نمایاں کرنے والی
اریس	مذکر	عربی	1	کھیتی باڑی کرنے والا

نام	مذکر / مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
اریب	مذکر	عربی	6	عقل و فہم والا، دانائی والا
ارتضٰی	صفت	عربی	7	پسندیدہ ہونا
اسدہ	مونث	عربی	7	اسد کی مونث شیرنی
اشہر	صفت	عربی	2	مشہور، مقبول
اسیاف	مونث	عربی	8	ڈھیر ساری تلواریں
اشک	مونث	ترکی	6	روشنی، جبکہ اردو میں آنسو
اصقہ	مونث	عربی	7	قریب کرنا، ملانا
اردم	مذکر	ترکی	2	دیانت دار، اعلیٰ ظرف، عالی سیرت
اردل	مذکر	ترکی	1	مردانہ وجاہت، بہادر، جری مرد
ارمغان	مذکر	فارسی	5	تحفہ، سوغات
ارید	مذکر	عربی	8	چاہت، خواہش
ازہر	مذکر	عربی	6	روشنی، نکھری رنگت والا، مصر کی ایک مشہور یونیورسٹی جامعتہ الازہر
ازحف	مذکر	عربی	6	بلند رتبہ، عالی ہمت
ازہران	مذکر	عرب	3	سورج اور چاند
ازرق	مذکر	عربی	2	نیلا آسمان
اصابت	مونث	عربی	8	راست گو، پائیداری
اسوہ	مونث	عربی	9	چال، روشنی، نمونہ، مثل
افشاندہ	مونث	فارسی	8	چھڑکا ہوا، چمکایا ہوا
افشان	مونث	فارسی	9	طلائی سفوف
ازہار	مذکر	فارسی	7	رغبت رکھنا، چاہنا، اختیار کرنا، کلیاں
ازداد	مذکر	عربی	6	اضافہ کرنا بڑھانا
ازعم	مذکر	عربی	1	اطاعت گزار

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
اسامہ	مذکر	عربی	8	ایک مشہور صحابی اور صحابی کے بیٹے حضرت اسامہ بن زیدؓ کسی کے ساتھ نیک سلوک کرنا
اسطر	مذکر	فارسی	9	ترازو، مساوی
اسحاق	مذکر	عبرانی	8	مشہور پیغمبر، حق پر قائم رہنے والا
اسفار	مذکر	فارسی	9	اجالا ہونا، نکھرا ہونا
اجمل	مذکر	عربی	4	اچھے کام کرنے والا
اخبا	مونث	عربی	8	کسی کا ہاتھ تھامنے والی
افسوں	مونث	فارسی	8	مبہوت کرنا، جادو کرنا
اطارت	مونث	فارسی	8	اونچی اڑان، بلند پرواز
افزوں	مونث	فارسی	9	پھلنا، پھولنا، ہرواں چڑھنا
اسحر	مذکر	عربی	8	طلوع صبح
اسمار	مذکر	فارسی	5	فسانہ شب
اسفندیار	مذکر	عربی	1	ایرانی فوج کا مشہور جرنیل حق قدرت
اسد	مذکر	عربی	2	شیر، حضرت امیر حمزہؓ کا لقب اسد اللہ واسد الرسولؐ
اسکندر	مذکر	فارسی	2	یونان کا فاتح اعظم، عربی محققین اس کو ذوالقرنین کہتے ہیں
اسرار	مذکر	عربی	3	بھید، راز، خفیہ باتیں
اطالہ	مونث	فارسی	1	طویل
افریشم	مونث	فارسی	1	ریشم جیسی نرم و ملائم
اطرہ	مونث	عربی	8	جھکانا، خم دینا
افرہ	مونث	فارسی	7	ماہر، کھلا ہوا نمایاں

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
اسعاد	مذکر	فارسی	1	حمایت کرنا' امداد کرنا
اسلم	مذکر	عربی	5	حد درجہ محفوظ
اسلام	صفت	عربی	6	اللہ کریم کا پسندیدہ دین' اطاعت کرنا
اسعد	مذکر	عربی	9	خوش نصیب' مددگار
اسلان	مذکر	ترکی	7	تیر
اسعاف	مذکر	فارسی	5	کسی کی حاجت پوری کرنا' مددگار
اسعار	مذکر	فارسی	8	بھاؤ تاؤ کرنا
اطمہ	مونث	عربی	1	بلند کرن
اطلعہ	مونث	عربی	7	ستارے طلوع ہونا
اعتلہ	مونث	عربی	1	بلندی
افرحہ	مونث	فارسی	6	خوش کرنے والی
افروزہ	مونث	فارسی	4	روشن کردہ' شمع
افروز	مونث	فارسی	8	چمکدار
افشین	مونث	فارسی	9	افشاں سے بھرپور
افراح	مونث	فارسی	2	خوش کرنا' فرحت دینا
افضاء	مونث	عربی	9	وسیع و عریض' جگہ' راز بتانا
افق	مونث	عربی	1	از حد کھلا' آسمان
اسہاب	مذکر	فارسی	6	باتونی' جنگلوں کا راہی
اسید	مذکر	عربی	3	صحابیؓ کا نام شیر پالنے والا
اسہام	مذکر	عربی	8	بذریعہ تیر فال نکالنے والا
اسیف	مذکر	فارسی	7	تابع فرماں' اطاعت گزار
اسیر	مذکر	عربی	1	غلام' محبت و الفت میں گرفتار
اشبر	مذکر	عربی	8	فضیلت و بلند مرتبہ دینا

نام	مذکر / مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
اشہب	مذکر	عربی	2	شعلہ
اعیرہ	مونث	عربی	7	ذی عزت' عالی قدر' شاہزادی
اصغری	مونث	عربی	5	چھوٹی
اکبری	مونث	عربی	8	بڑی' فضیلت والی
انوری	مونث	عربی	6	نور والی' روشنی کرنے والی
اقالہ	مونث	عربی	2	معذرت چاہنے والی' منکسر المزاج
الماظ	مونث	عربی	9	چکھنے کی چیز
اقراء	مونث	عربی	5	پڑھنے کا حکم
اشتیاق	مذکر	عربی	5	شفقت کی جمع' شفیق عنایات
اشتال	مذکر	عربی	3	بلند و بالا ہونا' بلند ہونا
اشبال	مذکر	عربی	1	مہربانی و کرم کرنا
اشبلی	مذکر	عربی	9	شفقت و احسان کرنا
اشتر	مذکر	عربی	1	حضرت علیؓ کے ایک جرنیل' پورا نام مالک اشتر
اشر	مذکر	عربی	6	شرارت کا شوقین
اشکن	مذکر	ترکی	2	تندرست و توانا
اقیہ	مونث	عربی	8	قیافہ' سوچ' خیالات
الماس	مونث	عربی	3	ایک چمکتا ہوا پتھر جس کو ہیرا بھی کہتے ہیں
اقلیم	مونث	فارسی	1	زمین کا ایک حصہ
الما	مونث	عربی	9	جس سے سب پیار کریں' خوش کن' دل پسند
البالہ	مونث	عربی	6	ایسی ڈبیہ جس میں خوشبو رکھی جاتی ہے۔

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
الجا	مونث	عربی	8	اپنے امور کو اللہ پر چھوڑ دینا، توکل کرنا
الغاعیہ	مونث	عربی	7	حنا کی کلی
الفت	مونث	عربی	7	پیار، رغبت
اشرف	مذکر	عربی	5	بلند درجہ، شریف، بزرگ
اشباح	مذکر	عربی	6	بدن، جسم، قالب
اشب	مذکر	عربی	2	سیاہ گھوڑا
اشجع	مذکر	عربی	5	دلیر، بہادر، بے خوف
اشہاد	مذکر	عربی	5	گواہ
اشہر	مذکر	عربی	2	بے حد مشہور و مقبول
النساء	مونث	عربی	7	عورتوں کے ناموں کا جز
امنہ	مونث	عربی	6	سعادت مند، عالی قدر، رتبہ والی
امانہ	مونث	عربی	7	وفاداری نبھانے والی، حفاظت کرنے والی
امواز	مونث	فارسی	1	نور، روشنی کرنے والی
املہ	مونث	عربی	4	امید، آس
الویہ	مونث	عربی	7	نشان علم، جھنڈا
امروزیہ	مونث	فارسی	8	آج کی خاتون، ٹالنے والی
اشہل	مذکر	عربی	3	روشن، چمکدار
اشعاف	مذکر	عربی	2	الفت و یگانگت کا دیوانہ پن
اشعر	مذکر	عربی	4	عقل و فہم میں یکتا، دراز بالوں کا مالک
اصالت	مذکر	عربی	9	شرافت، پاکیزگی، اصیل
اطارت	مذکر	عربی	8	اونچی اڑان، بلند پرواز

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
اصغر	مذکر	عربی	4	چھوٹا' حضرت امام حسین کے صاحبزادے جو جنگ کربلا میں شہید ہوئے ان کا نام علی اصغر تھا
اصبر	مذکر	عربی	5	صبر دلانے والا' حوصلہ دینے والا
اضغو	مذکر	فارسی	3	دینار' طلائی رنگ
اضمار	مذکر	عربی	7	علم عروض کے دیگر حروف
ام	مونث	عربی	5	ماں' خواتین کے ناموں کا ایک حصہ
امامہ	مونث	عربی	6	راہنما' حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زوجہ
امبر	مونث	اردو	9	بادل' آسمان
امل	مونث	عربی	8	آرزو' خواہشات' تمنائیں
امرحہ	مونث	عربی	2	خوشیوں والی
امثال	مونث	عربی' اردو	5	تابعدار' فرماں بردار
امثلہ	مونث	عربی	9	مثال دینا' کسی کی مثال بننا
اصفیاء	مذکر	عربی	2	منتخب لوگ' عالی مرتبت اشخاص
اصمد	مذکر	عربی	9	مددگار ہونا
اضاف	مذکر	عربی	9	جلد بازی' تیز رفتاری
اصباح	مذکر	عربی	2	صبح صادق
اصلاح	مذکر	عربی	4	غلطی دور کرنا' اچھی بات بتانا
اصفاح	مذکر	عربی	9	بات رد کرنا
اصدار	مذکر	عربی	8	نافذ کرنا' حکم صادر کرنا
اصلکان	مذکر	ترکی	2	شریف النسب
اشعاف	مذکر	عربی	2	محبت اور الفت کی وارفتگی
امنگ	مونث	فارسی' اردو	2	ذوق و شوق' جوش

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
امید	مونث	فارسی، اردو	1	خواہش، آرزو
امیہ	مونث	عربی	2	ماورانہ
امیرہ	مونث	عربی	4	صاحب حیثیت خاتون
امینہ	مونث	عربی	6	امانت دار خاتون، معتمد خاتون
امیمہ	مونث	عربی	6	انحضرت ؐ کی سگی پھوپھی، ہدایت دینے اور رہنمائی کرنے والی خاتون
اطراب	مذکر	فارسی	6	خوشیاں منانا
اعوان	مذکر	عربی	2	عون کی جمع، حامی و مددگار
اعتزاز	مذکر	عربی	9	پھیلانا، خوبیاں، بہت پسند و عزیز ہونا
اطراز	مذکر	فارسی	2	نقش و نگار بنانے والا
اعلام	مذکر	عربی	7	باخبر کرنا، آگاہی دینا
اعتصام	مذکر	عربی	8	گناہوں سے خود کو بچانا، پارسائی اختیار کرنا
اطہر	مذکر	عربی	8	پاک و صاف
انا	مونث	عربی	7	پندار، شعور
انیسہ	مونث	عربی	9	انس کرنیوالی، غم خوار
انیلا	مونث	اردو	2	بھولی بھالی، نادان اور معصوم
انجلا	مونث	فارسی	3	صاف چمکدار
انیقہ	مونث	عربی	4	نادر چیز، خوش آئند
انجم	مونث	عربی	4	ستارے
انیتا	مونث	عبرانی	2	خوبصورت، دل کو اچھی لگنے والی
انزیلہ	مونث	عربی	4	اترنا، نازل ہونا
انگبین	مونث	فارسی	7	شہد

نام	مذکر / مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
انورل	مونث	عربی	9	رحم دل' خوبصورت روشن کرنے والی
اعصام	صفت	عربی	4	مشک باندھنے کی رسی
اعظم	مذکر	عربی	3	بڑا' بزرگ
اطیب	مذکر	عربی	4	از حد پاک و صاف
اعظام	مذکر	عربی	4	عظمت و بزرگی
اعتار	مذکر	عربی	1	دیدار کرنا
اطغان	مذکر	عربی	7	اطمینان و تسلی بخش
اعتدال	مذکر	عربی	2	یکساں' برابر' حدود میں رہنا
اعتصار	مذکر	عربی	6	حفاظت میں آنا
اظفر	مذکر	عربی	2	فتح مند' کامیاب و کامران
اظفار	مذکر	عربی	3	کامیابیاں' ظفر کی جمع' خوشبودار
اظہار	مذکر	عربی	9	عیاں ہونا
اظہر	مذکر	عربی	8	ظاہر ہونا' دکھائی دینا
اعضاف	مذکر	عربی	7	پرہیزگاری
انوشہ	مونث	فارسی	2	خوشیوں سے بھرا ہوا
انشراح	مونث	عربی	1	خوشیاں' عیاں
اوج	مونث	اردو	1	سربلندی' ذی شان
ایواز	مونث	فارسی	7	آراستہ و پیراستہ
ایرہ	مونث	عبرانی	9	محتاط
اوزگل	مونث	ترکی	1	بے حد خوبصورت' حسین و جمیل
افتخار	مذکر	عربی	4	سربلندی' نمایاں عزت
افضل	مذکر	عربی	2	بڑائی' عالم نمایاں
انجام	مذکر	عربی	8	دلائل دینے والا

نام	مذکر/مونث	بزبان	عدد	مطالب و معانی
افراسیاب	مذکر	فارسی	3	توران کا بادشاہ
اکام	مذکر	عربی	4	عزت کرنا
افضال	مذکر	عربی	3	کرم کرنا، فضل کرنا
افغم	مذکر	عربی	5	خوشبو سے لبریز
